ہوئے منصورہ وملتان کے مراکز حدیث کے بعد دوسرے دور میں لاہور مرکز بنا جبکہ محمود غزنوی کا علم لہرا رہا تھا۔

زیر نظر کتاب میں مختلف ادوار کے مراکز حدیث اور متعلقہ شخصیتوں کا تذکرہ پیش کیا گیا ہے محدثین کے متعلق مختصر سوانحی نوٹ درج ہیں اور علم حدیث میں ان کی خاص خدمات کا بیان ہے بعض اہم شخصیتوں کا بیان زیادہ تفصیلی ہے جہاں جہاں ضرورت تھی، تاریخی احوال کو بطور پس منظر سامنے لایا گیا ہے۔ ہم اردو زبان میں اس مفید کتاب کی اشاعت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

صدیقی ٹرسٹ کے تبلیغی پمفلٹ کراچی کے صدیقی ٹرسٹ (رجسٹرڈ) نے عقائد، عبادات اور دینی احکام وشعائر کے متعلق چیدہ چیدہ مضامین کو پمفلٹوں کی شکل میں چھاپا ہے ان پمفلٹوں کا مقصد تبلیغی ہے اور ان کا اسلوب اصلاحی، کہیں کہیں کوئی مقامِ اختلاف بھی آسکتا ہے اور کسی معاملے میں وضاحت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، مگر بہ حیثیت مجموعی ہم ان پمفلٹوں کو مفید قرار دیتے ہیں۔ بعض اصحاب علم سے صدیقی ٹرسٹ نے رائیں لی ہیں اور بیشتر ناقدانہ آراء کو قبول کیا ہے۔ پمفلٹوں کی تعداد بیس ۲۰ ہے (ممکن ہے اس میں اضافہ ہوا ہو) ان کی زبان سادہ ہے اس لئے طلباء اور مستورات کے علاوہ کم تعلیم رکھنے والے شہری بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔ ان رسائل کے مضامین کو جو بھی چاہے خود بھی شائع کر سکتا ہے اور تبلیغی مقاصد کے لئے ٹرسٹ سے مفت حاصل کر کے تقسیم بھی کر سکتا ہے۔ ٹرسٹ کے اس کام کو پسند کرنے والے حضرات اس میں تعاون بھی کر سکتے ہیں۔ کسی پمفلٹ پر قیمت درج نہیں۔

ملنے کا پتہ :۔ صدیقی ٹرسٹ، ٹھٹائی کمپاؤنڈ، ایم اے جناح روڈ کراچی۔